## ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت آرٹس کونسل میں کرسمس سیلیبریشن گیٹ ٹو گیدر تقریب کا انعقاد

### تقریب کے شرکاء میں کرسمس گفٹ اور خواتین میں راشن بکس تقسیم کئے گئے

### نیواپاسٹا لک چرچ نے مذہبی گیت گائے ،کرسمس ٹیبلو پیش کئے اور اقلیتی برادریوں کیلئے کی جانے والی خدمات پر جناب الطاف حسین کیلئے شیلڈ دی

### الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ ملک بھر کی اقلیتی برادری کو عملی طور پر تحفظ فراہم کرتا ہے،افتخار اکبر رندھاوا

کراچی۔۔۔21،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی کے زیراہتمام گزشتہ روز آرٹس کونسل کراچی میں کرسمس سیلیبریشن گیٹ ٹو گیدر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب کے شرکاء میں کرسمس گفٹ اور 400 خواتین میں راشن بکس تقسیم کئے گئے ۔کرسمس کی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس ،سیف یار خان ،افتخار اکبر رندھاوا،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی خواجہ سہیل منصور،شیخ صلاح الدین،محترمہ کشور زہرہ،منورلعل،محترمہ زرین مجید،شہناز سیف ،عبدالمعید صدیقی ،عادل خان اور جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد نے خصوصی طور پر شرکت کی ۔اس موقع پر ہندو برادری کے پنڈت شرما ،پنڈت وجے مہاراج ،سکھ برادری کے سردار رمیش ،سردار کرشن بھی موجود تھے۔تقریب کی نظامت کے فرائض ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج وحق پرست رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے انجام دیئے،تقریب میں نیواپاسٹا لک چرچ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اقلیتی برادریوں کیلئے کی جانے والی خدمات پر خصوصی شیلڈ پیش کی ،یہ شیلڈ رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان اور افتخار اکبر رندھاوا نے وصول کی اسی طرح نیو اپاسٹا لک چرچ کی کوائر نے تقریب میں مذہبی گیت گائے اور کرسمس ٹیبلو پیش کئے جس میں شرکاء محفل نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ ملک بھر کی اقلیتی برادری کو عملی طور پر تحفظ فراہم کرتا ہے اور ایم کیوایم اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو پاکستان کا برابری کی بنیاد پر شہری تسلیم کرتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس میں تمام مذاہب ،مسالک ،قومیتوں اور برادریوں کی نمائندگی بڑی تعداد میں موجود ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم کو ملک بھر کے عوام کی نمائندگی حاصل ہے ۔انہوں نے اقلیتی برادری کو کرسمس کی پیشگی مبارکباد بھی پیش کی ۔ چرچ آف پاکستان کے بشپ صادق ڈینی ایل نے افتتاحیہ جبکہ میتھوڈسٹ چرچ کے بشپ بشیر ایل مل نے اختتامی دعا کرائی۔

## کراچی کے تعلیمی اداروں میں داخلوں سے محروم گلگت بلتستان کے طلبہ کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔21،دسمبر2009ء

گلگت بلتستان کے طلبہ کے ایک وفد نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی اور انہیں کراچی کے تعلیمی اداروں میں داخلے کے حوالے سے درپیش مسائل ومشکلات سے آگاہ کیا۔طلبہ کے وفد نے رابطہ کمیٹی کو بتایا کہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی داخلہ کمیٹی نے موقف اختیار کیا تھا کہ رواں سال داخلہ پالیسی میں تبدیلی کی گئی ہے اور جس کے مطابق کراچی کے تعلیمی اداروں میں داخلوں کے خواہشمند گلگت بلتستان کے طلبہ وطالبات کو خصوصی رعایت دی جائے گی تاہم اب انتظامیہ شکایت سننے کیلئے بھی تیار نہیں جس سے گلگت بلتستان کے بلا صلاحت طلبہ وطالبات میں شدید مایوسی پائی جارہی ہے اوران کا تعلیمی کیریئر تباہ ہونے کا خدشہ ہے ۔رابطہ کمیٹی نے طلبہ کے مسائل کو غور سے سنا اور انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کے تعلیمی اداروں میں گلگت بلتستان کے طلبہ کو داخلے کیلئے جامع پالیسی بنائی جائے اور طلبہ وطالبات میں پائی جانیوالی مایوسی ختم کی جائے۔

## حکومت کی جانب سے یکم جنوری سے ملک بھر میں بجلی کے نرخ میں 13.6 فیصد اضافہ فوری واپس لیا جائے،حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔21،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے حکومت کی جانب سے یکم جنوری سے ملک بھر میں بجلی کے نرخ میں 13.6 فیصد اضافے کو ملک کے غریب عوام کیخلاف ظالمانہ فیصلہ قرار دیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات میں اضافے کرکے عوام پر پہلے ہی مہنگائی کا بوجھ ڈالا گیا ہے اس کے بعد اشیاء خوردنوش میں 32 فیصد اضافہ،بجلی کے نرخ بڑھا کر عوام پر مزید مہنگائی کا بوجھ ڈالا جارہا ہے جو غریب عوام کے ساتھ سراسر زیادتی کے مترادف ہے ۔انہوں نے کہا کہ واضح رہے کہ حکومت نے بجلی پر 55 ارب سبسڈی دینے کا اعلان کیا تھا اور حکومت اپنے اعلان پر قائم رہنے کے بجائے آئی ایم ایف اور دیگر غیر ملکی مالیاتی ادارے کے دباؤ میں آکر بجلی پر سبسڈی ختم کردی

ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت غریب عوام سے کیے گئے اپنے وعدے سے منحرف ہوگئی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ملک میں پہلے ہی بجلی کا 2 ہزار کلوواٹ کا شاٹ فال ہے اور غریب عوام بار بار کی لوڈشیڈنگ اور اوسط بلوں سے بری طرح پریشان ہیں اور اس پر حکومت کی جانب سے 13.6 فیصد اضافے سے ان کے گھریلو بجٹ پر مزید بوجھ بڑھ جائے گا ۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے 100 یونٹ سے کم بجلی استعمال کرنے والوں پر اس کا اطلاق کرکے سے غریب عوام پر مزید بوجھ ڈال دیا گیا ہے جو نا قابل برداشت ہے ۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ حکومت غریب عوام کے مسائل کو حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے اور اپنی نااہلی اور مجرمانہ غفلت کا بوجھ غریب عوام پر تھوپنے کی کوشش کررہی ہے ۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی ، وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ کے بجلی کے نرخ میں 13.6 فیصد اضافہ فی الفور واپس لیکر غریب صارفین کو ریلیف پہنچائیں ۔

## محرم الحرام میں جو سازشی عناصر فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں پر عمل پیرا ہوتے ہیں وہ ہم میں سے نہیں ، علامہ عون محمد نقوی ، یعقوب عطاری

## حق پرست صوبائی وزیر عبد الحسیب کی علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی ۔۔۔21، دسمبر 2009ء

محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے ۔اس سلسلے میں حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبد الحسیب نے معروف شیعہ عالم دین علامہ عون محمد نقوی اور دعوت اسلامی کے یعقوب عطاری سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے محرم محرام میں مذہبی رواداری کے فروغ کی کوششوں سے آگاہ کیا ۔ملاقات میں علامہ عون محمد نقوی اور یعقوب عطاری نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام اسلام کا پہلا مہینہ ہے اور اس مہینے میں تمام مسالک اور فقہوں کے درمیان بے مثال اتحاد کے مظاہرے سے ہی دین اسلام کا صحیح تصور دنیا بھر میں پیش کیا جاسکتا ہے اور اس حوالے سے جناب الطاف حسین کی عملی کاوشیں قابل تعریف ہیں ۔انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے مقدس مہینے میں جو عناصر فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں پر عمل پیرا ہوتے ہیں اور معصوم و بے گناہ انسانوں کا خون بہاتے ہیں وہ ہم میں سے نہیں ہیں اور اسلام اس عمل کی قطعاً اجازت نہیں دیتا ۔ملاقات میں علمائے کرام نے ملک سے دہشت گردی کے خاتمے ، امن وامان کے قیام ، اتحاد بین المسلمین اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعائیں کی گئیں ۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج و جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد اور علماء کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے ۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر اے پی ایم ایس او سیکٹر E کے جوائنٹ سیکٹر انچارج سمیت کارکنان کو 3 ماہ کی مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی ۔۔۔21، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر E کے جوائنٹ سیکٹر انچارج شاہ علی احمد ولد شاہ کلیم احمد ، کارکنان حسن طفیل ولد طفیل احمد ، نعیم کمالی ولد اکرام الدین ، طارق حمید خان ولد محمد حمید الدین ، مشرف ولد سید اشفاق علی اور ذیشان تقی ولد سید انصار حسین کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے تین ماہ کی مدت کیلئے معطل کردیا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران و کارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں ۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد رشید کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔21، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن محمد رشید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## ایم کیوایم ماری پور سیکٹر کے کارکن کی والدہ، شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن کے والد اور کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد رشید کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن محمد رشید، ایم کیوایم ماری پور سیکٹر یونٹ ماری پور گریکس کے کارکن لیاقت کی والدہ محترمہ ذرینہ بی بی اور ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد سلمان کے والد محمد بخش کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سید کلیم اللہ کے بہنوئی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سید کلیم اللہ کے بہنوئی سید علی مظفر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سید کلیم اللہ سمیت مرحوم کے سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سید کلیم اللہ سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سید کلیم اللہ کے بہنوئی سید علی مظفر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں ربطہ کمیٹی نے سید کلیم اللہ سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لوحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے بزرگ کارکن سراج احمد انصاری کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے بزرگ کارکن سراج احمد انصاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر بزرگ کارکن سراج احمد انصاری انتقال کر گئے، سوئم منگل کو ہوگا
## تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی شرکت، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔21، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹر یونٹ 86 کے بزرگ کارکن سراج احمد انصاری بیماری کے باعث انتقال کر گئے ۔ مرحوم کی عمر 57 سال تھی اور عرصہ دراز سے بیمار تھے ۔ دریں اثناء مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان ریڑی گوٹھ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ فاروقی مسجد لانڈھی میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں ایلڈرز ونگ کے ذمہ داران، لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ مرحوم کا سوئم منگل 23 دسمبر کو بعد نماز ظہر فاروقی مسجد ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی ۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی ۔

☆☆☆☆☆